Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

26فروری2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کے تعاون سے صحت کے سروے کے نتائج کا اجرا

کراچی۔ قائم مقام امریکی قونصل جنرل لیون ایس واسکن نے چیف سیکرٹری سندھ سجاد سلیم ہوتیانہ اور صدر پاپولیشن ایسوسی ایشن آف پاکستان بیگم شہناز وزیر علی کے ہمراہ 'پاکستان ڈیموگرافک اینڈ ہیلتھ سروے 2012-13' کے نتائج کا اجرا کیا۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے تعاون سے نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار پاپولیشن اسٹڈیز کی جانب سے کیے جانے والے اس سروے میں نوزائدہ بچوں کی اموات، خاندانی منصوبہ بندی اور خواتین اور بچوں میں غذائیت کی کمی کے حوالے سے اعداد و شمار کا احاطہ کیا گیا ہے۔ سروے کے مطابق 2012-13 کے دوران نوزائدہ بچوں کی اموات میں نمایاں کمی دیکھی گئی جبکہ حفاظتی ٹیکوں کے رجحان میں مسلسل کمی کے ساتھ ساتھ بچوں میں غذائیت کے فقدان کے مسائل درپیش ہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قائم مقام امریکی قونصل جنرل لیون ایس واسکن کا کہنا تھا کہ 'امریکی حکومت نے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے ذریعے پاکستان میں 387 ملین ڈالر مالیت کا 'ماں اور بچے کی صحت' کا منصوبہ شروع کیا ہے جس کے ذریعے ہزاروں خواتین اور بچوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔'

تقریب میں حکومتی شخصیات، صحت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد اور پالیسی سازوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ سروے کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت اور سماجی شعبے کو صحت اور سماجی بہبود کے منصوبے تشکیل دینے میں مدد ملے گی۔

####